مسلمانو! خدارا انصاف سے بتاؤ دنیا کی کس زبان میں انگلیوں کے اشاروں سے عظمت ظاہر کی جاتی ہے؟ پھر ستم پر ستم دیکھو کہ "مولانا عبدالحیٔ" فرنگی محلی امام اعظم کی رائے پر اپنی رائے کو ترجیح دیا کرتے تھے اور یوں کہا کرتے تھے قال ابو حنیفه کذا والحق کذا ابوحنیفہ نے یوں کہا اور حق ایسا ہے۔ کبھی محرر مذہب امام محمد علیہ الرحمۃ کے بارے میں لکھا ھهنا وهم آخر لصاحب الکتاب ۔ ترجمہ: یہاں امام محمد کو وہم پیدا ہوا۔ (ملفوظات ج 1) انصاف سے بتایئے کتنا شدید جھوٹ اعلیٰ حضرت کی طرف منسوب کیا گیا۔ اب میں صاف صاف کہوں مولوی اسماعیل دہلوی نے مصطفیٰ جان رحمت ﷺ کی طرف جھوٹ منسوب کیا کہ خود حضور نے فرمایا میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں اور مولوی نظام مبارکپوری نے معجزہ مصطفیٰ کی طرف جھوٹ منسوب کیا جو ابھی مذکور ہوا۔ دہلوی و مبارکپوری میں کیا فرق ہے قارئین خود فیصلہ کریں۔

ان جیتے جاگتے شواہد سے بھی آنکھیں پھوڑ لیجئے اب خود مولانا عبدالحئی فرنگی محلی کے بارے میں آں جناب کی رائے دیکھیئے ان کے شاگرد مولانا صدرالوریٰ مصباحی صاحب نے التنبیہ المسدد نامی ایک ضخیم کتاب خاص مولانا فرنگی کے رد میں لکھی جس پر محقق صاحب اور ان کے Suporter مصباحی صاحب کی عربی تقریظ موجود ہے جس میں علامہ نظام نے اس کتاب اسم بامسمیٰ لکھا ہے۔ مطلب اس کتاب نے فرنگی محلی صاحب کی سیدھی تنبیہ فرمائی ہے۔

میرے بزرگو! خدارا بتاؤ شاگرد جس کی تنبیہ فرمارہے ہیں استاد انگلیوں کے اشاروں سے عظمت ظاہر فرماتے ہیں۔ یہ کس Designe کی عظمت ہے؟؟؟

محقق صاحب! ایک طرف تنبیہ دوسری جانب انگلی یہ کیا تماشہ ہے
بزرگ! اپنی نہ سہی اپنی شاگرد کی عزت کا خیال رکھیئے

اب چلیئے نئے فتنے 420 کی طرف چلتے ہیں

صفحات 420 چار سو بیس Four Hundred Twenty۔

حضرات مذکورہ کتاب اگرچہ اشرفیہ کے طلبا کی طرف منسوب ہے مگر اس کے نگران کار (Watchman) علامہ عبدالمبین نعمانی اور معتزلی اعظم کے Supporter علامہ محمد احمد مصباحی ہیں دیکھیئے مذکورہ کتاب کا صفحہ 17۔ فلہٰذا اس کتاب کے ذمہ دار یہی فاضلان اشرفیہ ہیں ہم کو طلبائے اشرفیہ سے کوئی سروکار نہیں کیونکہ طلبہ بہرحال طلبہ ہی ہیں محقق وقت نہیں (مجدد ین اسلام نمبر) فلہذا ہمارا روئے سخن قطعی طور پر فاضلان اشرفیہ کی طرف ہوگا۔

اب ہم پہلے فتاویٰ رضویہ جلد 12 ص 159 پر مذکور مبارک فتوے کی مکمل وضاحت کرینگے۔ پھر 420 صفحات کی چار سو بیسی Open کرینگے تاکہ چوروں کی چوریاں پکڑنے میں کسی کو دشواری نہ ہو۔

فتاویٰ رضویہ جلد 12 ص 159 فوائد حدیثیہ کی شرح

Note: قوسین کے الفاظ عرفان مصباحی کے ہیں

(علاقہ رودولی شریف کے Assistant Governor "مولانا مظہر الحق رودولوی" علیہ الرحمہ نے چودھویں صدی کے اکیسویں سال اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ سے سوال پوچھا... کہ آپکی عالمانہ شہرت تیرھویں صدی میں ہوچکی اور شانِ تجدید چودھویں صدی میں جاری تو آپ کو تیرھویں صدی کا مجدد مانا جائے یا چودھویں کا تسلیم کیا جائے)۔

مسئلہ از ریاست عثمان پور ضلع بارہ بنکی مرسلہ مولوی محمد مظہر الحق صاحب نعمانی رودولوی نائب ریاست مذکور 7 ربیع الآخر شریف 1321ھ۔ (نوٹ):: "سوال اصل میں مذکور نہیں" (کیونکہ اعلیٰ حضرت کو سائل نے ۱۴ ویں صدی کا مجدد لکھا تھا۔ یہ اعلیٰ حضرت کی اعلیٰ انکساری کا نمونہ ہے)

الجواب: مولانا المکرم اکرمکم اللہ تعالیٰ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ فقیر حقیر حاش للہ اس لفظ گراں مایہ مہین پایہ کے ہزارویں لاکھویں حصے کے لائق نہیں۔ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ حضرات علمائے کرام اہل سنت اپنے کرم سے جن الفاظِ عالیہ سے چاہتے ہیں نوازتے ہیں۔ مگر تحقیق لفظ کے لیے گزارش

ہے کہ حدیث میں راس حسبِ محاورۂ عرب ضرور بمعنی آخر ہے۔ ولہذا علمائے کرام ارشاد فرماتے ہیں مجدد کے لیے ضروری ہے ان تمضٰی علیه المائة وهو عالم مشهور مفید لیکن ایسی اشیائے متوالیہ میں حدِ فاصل ایک آن مشترک ہوتی ہے کہ وہ جس طرح اوّل کے آخر ہے یوں ہی آخر کے اوّل، اور عمل تجدید مجدد ہر گز ختم صدی سے ختم و منتہی نہیں ہوجاتا بلکہ وہ آخر اول واول آخر دونوں میں ہوتا ہے۔ تمضی علیه المائة وهو کذا ہی اس پر دلیل ہے۔ (ان دو جملوں سے کئی باتوں کی وضاحت ہوجاتی ہے۔)

(۱)۔Legal مجدد کے لئے پہلی صدی کا آخری اور موجودہ صدی کا ابتدائی حصہ پانا ضروری ہے۔

(۲)۔مجدد امت کے لیے مفید و مشہور کارآمد عالم ہوتا ہے۔ (اَن پڑھ جاہل سیٹھ نہیں)

(۳)۔Legal مجدد اپنے پہلے گزرے ہوئے مجدد کے اس دنیا سے چلے جانے کے تقریباً سو سال کے اندر ظاہر ہوتا ہے 160 سال کے بعد نہیں۔Point نوٹ کیا جائے۔

اور تمام مجددین معدودین للمائۃ کو ملاحظہ فرمائیں کہ آخر صدی ماضی واول صدی حاضر دونوں میں ان کی تجدید اسلام و مسلمین کو مفید رہی تو بحالِ حیاتِ مجدد جبکہ ایک صدی کا آخر گزر گیا اور دوسری کا اول موجود اور وہ حیی ہو مجدد مائۃ ماضیہ کہنا مناسب ہوگا جو **موت یا** انقطاعِ تجدید کا موہم **ہو** یا مجدد مائۃ حاضرہ کہ اس کی حیات اور فیض و تجدید کے استمرار پر دلیل ہو۔ حضرات! غور فرمائیں یہ مکمل جملہ استفہامیہ ہے جس میں اول سے خاموشی اور ثانی کا اثبات روشن تر ہے۔ اس عبارت کا منطوق یہی ہے کہ مجدد جس صدی میں باحیات ہوگا فیض و تجدید جاری رہے گا وہ اسی صدی کا

مجدد کہلائے گا جس صدی میں وہ زندہ ہے لہذا اگر اعلیٰ حضرت پندرھویں صدی میں زندہ رہتے جیسے فیض وتجدید جاری تو اعلیٰ حضرت پندرھویں صدی کے بھی صراحتاً مجدد ہوتے مگر چونکہ 15 ویں صدی تک باحیات رہنا محال عادی ہے۔ قال النبی ﷺ اعمار امتی مابین ستین او خمس و ستین ۔ترجمہ: میری امت کی عمریں 60/65 سال کے درمیان رہیں گی۔ لہذا اعلیٰ حضرت کا انتقال تو ہو چکا مگر فیض و تجدید تو جاری وساری ہے۔ پس اس کا مفہوم مخالف یہ ہوا کہ جب تک اعلیٰ حضرت کا فیض وتجدید جاری رہے گا اُس وقت تک بالراست اعلیٰ حضرت ہی مجدد ہونگے بلکہ سائلین کرام ہی بتا چکے ہیں کہ موجودہ دور کے فتنو کا سدباب ملفوظات وفتاویٰ رضویہ سے ہی ہو رہا ہے۔ فلہذا اعلیٰ حضرت کے کلام کے مفہوم مخالف سے ثابت ہوا کہ یقینی طور پر اعلیٰ حضرت ہی 15 ویں کے مجدد ہیں۔

بلفظِ دیگر اعلیٰ حضرت فرمارہے ہیں مولانا! میری 13 ویں صدی گزر چکی اور میں 14 ویں صدی میں زندہ ہوں اور فیض وتجدی بھی جاری ہے تو اگر اس حال میں مجھے" 13 ویں" صدی کا مجدد کہا جائے تو لوگوں کو میری موت کا شبہ ہوگا نیز تجدید کے ختم ہونے کا وہم پیدا ہوگا لہذا مجھے 14 ویں صدی کا مجدد مانا جائے۔ جس سے میری حیات بھی واضح رہے اور فیض وتجدید کے Continue ہونے پر بھی دلیل ہو۔

الحاصل فتاویٰ رضویہ کے منطوق سے اعلیٰ حضرت 14 ویں صدی کے مجدد اور اس کلام کے مفہوم مخالف سے 15 ویں صدی کا مجدد ہونا روشن بلکہ ہونا برحق

Note: اور یہ حدیث مجدد کے برخلاف نہیں بلکہ منشاء ربانی اور فرمان نبوی ﷺ کے

عین مطابق ہے۔ فرمان مصطفیٰ ﷺ دیکھیں ان اللہ یبعث لھذہ الامۃ علی را
س کل ما سنۃ من یجدد لھا دینھا۔ ترجمہ: یقیناً اللہ تعالیٰ اس امت کے لئے ہر
سو برس پر (اپنے ایسے بندے کو بھیجتا ہے) جو لوگوں کے لئے ان کا دین تازہ فرماتا ہے
بھیجنے کا منشاء تجدید دین ہے اور وہ میرے رضا کی زندہ تحریرات میں جاری و ساری ہے
فحصل ما حصل

فنا کے بعد بھی باقی ہے شان رہبری تیری خدا کی رحمتیں ہوں اے امیر کارواں تجھ پر

اور یہی وصایا شریف سے بھی ثابت فرماتے ہیں میں قبر سے اُٹھ کر تمہیں
بتانے نہ آؤں گا میرا دین جو میری کتابوں سے ثابت ہے اسے مضبوطی سے تھامے
رکھنا۔ نیز اعلیٰ حضرت کے عمل سے بھی یہی ثابت کہ آپ نے "حضور صدر الشریعہ،
حضور مفتی اعظم اور حضور برہان ملت" علیہم الرضوان کو اپنا نائب نامزد فرمایا۔ تو
ملفوظات کی صراحت کے مطابق جس طرح سرکار غوث پاک رضی اللہ عنہ امام مہدی
رضی اللہ عنہ کے ظہور سے پہلے تک بالراست غوثیت کے منصب پر فائز ہیں درمیان
میں جتنے غوث ہیں سب آپکے نائبین ہیں۔ یونہی منصب مجددیت پر اعلیٰ حضرت فائز
ہیں درمیان میں سب آپکے نائبین۔ ولا اقول ھذا قول النبی ﷺ ولکن
ارجوان یکون فی قول عبدہ المذنب رضا ہ۔

نوٹ: یاد رکھا جائے کہ نیابت کے لئے بھی علم و عمل و تجدید شرط ہے۔ نہ کہ جہالت و
ضلالت اور نہ قارون کا خزانہ۔ لہذا لاہور کے "پروفیسر یا کراچی کے سیٹھ" کا مجدد ہونا
تو درکنار نائب مجدد ہونا بھی محال کہ خود اعلیٰ حضرت ایک مقام پر فرماتے ہیں "مجدد

کے لئے کم سے کم مسلمان ہونا ضروری ''اور دنیا جانتی ہے انگلینڈ کی Peace کانفرنس میں پروفیسر صاحب سند یافتہ مرتد ہو چکے ہیں۔اور کراچی کے سیٹھ صاحب کا گمراہ اور گمراہ گر ہونا ایک روشن حقیقت ہے۔مسائل جدیدہ کا حال مفتی غلام مصطفیٰ اور میری اس تحریر سے ظاہر لہذا مولوی صاحب بھی مجددیت و مجتہدیت کی دوڑ سے خود بخود Drop۔بلکہ مذکورہ حضرات پر توبہ لازم کہ پہلے اپنے کفر اور گمراہیت سے توبہ کریں پھر مجددیت کی ڈگری کے بارے میں سوچا جائیگا والسلام

اعلیٰ حضرت کی شان تجدید فتاوی رضویہ کی روشنی میں

حضرات گرامی ہر مسلمان کے دل میں نقشہ مہر نبوت جلوہ بار ہے۔

چشمۂ مہر میں موج نور جلال اس رگ ہاشمیت پہ لاکھوں سلام

جس کا نقشہ یہ ہے

مہر نبوت کی ترتیب دیکھیں سب سے اوپر اللہ تعالیٰ کا اسم پاک (اللہ) اس کے نیچے رسول اللہ کی صفت اعلیٰ (رسول) سب سے نیچے اپنا پیارا نام (محمد) اب اس کے آگے فتاوی رضویہ ج 1 ص 1 کے پہلے خطبہ کو ملاحظہ کریں۔سب سے اوپر اسم جلالت اس کے نیچے حمد اقدس سب سے نیچے لفظ ابدا۔

فاقول وباللہ التوفیق۔نبی محترم ﷺ کی پہلی سنت کریمہ کو بریلی کے روہیلہ پٹھان

سے پہلے کسی نے ادا کیا ہو یہ میرے علم میں نہیں۔ اور اگر ایسا ہی ہے تو نوٹ کیا جائے۔
یہ "مرتد اعظم پروفیسر" کی طرح تمام مجددین کرام جملہ مجتہدین عظام جملہ تابیعن کرام بلکہ صحابہ ء عظام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو چیلنج نہیں۔

از خدا خواہیم توفیق ادب بے ادب محروم گشت از فضل رب

ہاں! کم ترک الاولون للآخرین کی جلوہ نمائی ھے۔ کہ تمام اولین کاملین رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اپنے کفش بردار کے لئے اپنی عطا کا صدقہ چھوڑا۔ فآن نصیب الارض من کاس الکریم دیکھئے خود بطور تحدیث نعمت ارشاد فرما رہے ہیں تجد فیھا انشاء اللہ عینا جاریۃ من عیون تحقیقات السلف الکرام مع رفرف خضرو عبقری حسان من تمہیدات الخلف الاعلام وعرائس نفائس کانھن الیاقوت والمرجان لم یطمثھن قبلی انس و الجان۔۔۔ ولیس علی اللہ بمستنکر ان یلحق العاجز بالقادر فیقول عبدہ المذنب العاجز ھذہ نکتۃ لم یطمثھا قبلی انس و لاجان وارجوان اکون فیہ مصیبا و مثابا وھو الرجاء من الوھاب وان کان الخطاء فمنی و من الشیطان فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ والحمدللہ رب العالمین۔

420 صفحات کی چارسو بیسی Open ہوتی ہے

ذیلی تمہید

اہل حق اور اہل باطل میں واضح فرق۔

۱)۔اہل حق ثابت شدہ سچائی کے آگے سر تسلیم خم کردیتے ہیں۔مثلاً علم غیب مصطفیٰ ایک عظیم سچائی ہے اس کے آگے سر تسلیم خم کردیا گیا۔

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

(بریلی شریف)

مالم تکن تعلم کی ما کا تم ذرا دیکھو عموم کس نے دیا سب کو پتہ کتنا دیا کیسے کہوں

(کچھوچھا شریف)

اس کے بالمقابل اہل باطل کوئی باطل عقیدہ فرض کرلیا اور اس کو ثابت کرنے کے لئے اپنی عقل گدھے کی دم میں گھسانے سے بھی گریز نہیں فرماتے۔(خبط الایمان)

۲)۔ ثابت شدہ سچائی کے آگے سر تسلیم خم کرنے کی زندہ مثال

اہل حق نے حدیث مجدد اور فتاویٰ رضویہ کی روشنی میں اعلیٰ حضرت کو 14 ویں صدی کا مجدد تسلیم فرمایا چنانچہ اولاد غوث اعظم ''حضور محدث اعظم'' نے ''حدیث مجدد'' اور فتاویٰ رضویہ ج 1 ص 1 سطر 1 کی روشنی میں شہر بنارس کے ایک اجلاس میں ایک تحریری قرارداد پیش فرمائی کہ ''اعلیٰ حضرت'' باجماع عرب وعجم متفقہ طور پر 14 ویں صدی کے مجدد ہیں اور اِس قرارداد کو بشمول اولاد پٹھان ''حضور شیر بیشہ اہل سنت تمام علمائے اہل سنن وفقیہان شاہان زمن نے منظور فرما کر ثابت شدہ سچائی کے

آ گئے سر خم تسلیم کر دیا۔

توڑی ہیں تری ضربتِ کاری نے چٹانیں　پگھلے ہیں تیری آہ سحر گاہی سے پتھر

تو میری نگاہوں میں مجدد سے نہیں کم　زندہ ہوئے پھر تجھ سے فرامین پیمبر

اس کے بالمقابل اہل بغض وعناد نے ''اعلیٰ حضرت'' کو 13 ویں صدی میں گھسیٹنے کی ناکام کوشش فرمائی۔ پرانا Formula اپنایا گیا'' فتاویٰ رضویہ'' میں ناپاک چوریاں، پھر بھی ناکامی دیکھ کر مخالفت عقل وخرد۔ یعنی غلط مفہوم مخالف کا سہارا لیا گیا۔ پھر عمداً یعنی سوچی سمجھی سازش کے تحت دوبارہ اعلیٰ حضرت کو 14 ویں صدی میں گھسیٹ لیا گیا۔ اور اپنے جاری فتنوں کو پوشیدہ رکھنے کے لیئے 15 ویں صدی کے مجدد کو سولویں صدی تک ویرام دے دیا گیا۔ ع ...خوئے بدر ابہانہ بسیار

قارئین کرام اگر آپ اس لمبی تمہید سے اُکتا نہ گئے ہوں تو 15 ویں صدی کے فتنہء اعظم کے مکروہ چہرے کی پہچان کے لیئے اگلی تحریر کے ساتھ انصاف فرمائیں۔

خیانت کی خبر

حضرات! آپ کو یاد ہے اشرفیہ نے اجماع کے وجود سے انکار کے لیئے فتاوٰی رضویہ ج 8 ص 210 سے لفظ ائمہ Drop فرمایا تھا Last سے'' آخر اکثر کل کل ائمہ سے ضرور اکثر ہے'' یہ جملہ کتر لیا تھا اور اعلیٰ حضرت کی طرف اجماع کے وجود کے انکار کی نسبت فرمائی تھی (شرح شجرہ)

نوٹ: مستزاد یہی نے مسلک کے آڑ میں اجماع کا انکار کیا ہے چالاک آدمی نے منطق کی آڑ میں یعنی اجماع واتفاق میں مطلق کی نسبت ہے۔ تاکہ جہاں چاہے اجماع کو

اتفاق کہہ کر ٹالا جا سکے۔ اور اور ساری کائنات میں اکیلے علامہ نظام معتزلی ہے جنہوں نے اجماع کے وجود ہی کا انکار فرمایا تا کہ نہ رہے بانس اور نہ باجے بانسری۔

اب نئی شرافت ملاحظہ فرمائیں

فتوی رضویہ کی اصل عبارت آپ نے ملاحظہ فرمالی دوبارہ دیکھیں۔

تو بحال حیات مجدد جبکہ ایک صدی کا آخر گزر گیا اور دوسری کا اول موجود اور وہ حی ہو مجدد ماۃ ماضیہ کہنا مناسب ہوگا جو موت یا انقطاع تجدید کا موہم ہو یا مجدد ماۃ حاضرہ کہ اس کی حیات اور فیض وتجدید کے استمراء پر دلیل ہو۔ (فتاوی رضویہ ج 12 ص 159 عنوان فوائد حدیثیہ)، فتاوی رضویہ مترجم ج 27 ص 42 پر لفظ موت کو Drop کیا گیا یا چھوٹ گیا۔ مصباحی صاحب کے مجددین اسلام نمبر میں کئی Changes ہو گئے۔

قارئین کرام! فتاوی رضویہ کی اصل عبارت واپس دیکھیں

وہ (مجدد) حی ہو تو مجدد ماۃ ماضیہ کہنا مناسب ہوگا جو موت یا انقطاع تجدید کا موہم ہو یا مجدد ماۃ حاضرہ جبکہ مصباحی صاحب کے مجددین اسلام نمبر ص 48 سطر 4-3 میں کچھ اس طرح ہے "مجدد ماۃ ماضیہ کہنا مناسب ہوگا جو انقطاع تجدید کا موہم ہے؟

پہلی چار سو بیسی لفظ موت Drop۔ دوسری چار سو بیسی لفظ "ہو" کو "ہے" کر دیا گیا۔ تیسری چار سو بیسی جملے کے درمیان (؟) سوالیہ نشان لگا کر Totally عبارت کو مہمل یعنی بے معنی فرما دیا۔

خدایا تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں   کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری

نوٹ: مفتی غلام مصطفیٰ صاحب کے ہاتھ جب سے ''مجدد دین اسلام نمبر'' لگی ہے موصوف ''مصباحی'' صاحب سے مسلسل فون پر رابطہ کر رہے ہیں کہ حضرت فتاویٰ رضویہ کی مذکورہ اصل عبارت اس طرح ہے **موت یا انقطاع تجدید کا موھم ھو** ۔ آپ نے اپنی کتاب ''مجدد اسلام نمبر'' میں لفظ موت کو Drop فرما کر عبارت اس طرح بنا دی ہے۔ انقطاع تجدید کا موہم ہے؟ یعنی تین تبدیلیاں... (۱) لفظ موت Drop۔ (۲) لفظ ہو کو ہے سے بدلنا۔

(۳) ہے پر سوالیہ نشان لگانا یعنی موہم ہے؟ یہ تبدیلیاں کیوں؟ عمداً یا تسامحاً...

مصباحی صاحب کے چند جوابات۔

جواب نمبر۱: جواب جو آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ ارشاد فرماتے ہیں۔ تو اپنے ہاتھ سے لفظ ہے کو کاٹ کر ہو بنا دے۔

جواب نمبر۲: میں نے روایت بالمعنیٰ کی ہے مطلب ہو اور ہے میں کوئی فرق نہیں۔

جواب نمبر۳: اگر میں نے فتاویٰ رضویہ میں Changes کیئے تو کیا؟ نظام کائنات درہم برہم ہو گیا؟ جو تو اتنا برہم نظر آ رہا ہے۔

جواب نمبر۴: تو اپنے کام سے کام رکھ، مطلب میں کچھ بھی کروں تو خاموش رہ ورنہ...

جواب نمبر۵: دو سال بعد Call کرنا گفتگو کی جائے گی۔

مفتی صاحب عرض کرنا چاہ رہے تھے حضرت زندگی کا کیا بھروسہ کہ بڑی بے دردی سے Call کاٹ دی گئی۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون) فلہٰذا مصباحی صاحب جب تک یہ Clear نہ فرمائیں کہ اپنی کتاب ''مجدد دین اسلام نمبر'' میں تین تین تبدیلیاں

کس لئے فرمائی ''عمدا یا تسامحا'' اس وقت تک اس پر کچھ بھی گفتگو کرنا مشکل۔

آخری بات

مجدد...اختتام صدی پر مبعوث ہوتا ہے اس لئے مجدد کہنے میں بھی اختتام صدی کا لحاظ ہوگا۔ متقدمین و متاخرین نے اسی اصول کا پاس ولحاظ کیا ہے۔ لہذا.......اصولی اعتبار سے....امام احمد رضا........تیرھویں صدی کے مجدد قرار پاتے ہیں............ مگر چونکہ (آپ) چودھویں صدی کے مجدد کی حیثیت سے مشہور ہیں اس لئے ہم نے آپ کے ذکر کو ''چودھویں صدی کے مجدد'' کے باب میں عمدا و تسامحا رکھا۔

(مجدد اسلام نمبر ص 402)

عرفان مصباحی کا کھلا خط علامہ محمد احمد مصباحی کے نام

حضرت علامہ محمد احمد مصباحی صاحب قبلہ السلام علی من اتبع الھدی

اظہار حق کے لئے میں اپنے استاد گرامی کی جناب میں ادباً معروضات پیش کرر ہا ہوں ۔گر قبول افتد زہے عزو شرف۔

ا)۔جب ''اعلی حضرت'' کو چودھویں صدی کا مجدد کہنے میں اصول وقوائد کو توڑ کر شہرت کا پاس ولحاظ کیا گیا تو ''مفتیءاعظم'' کو پندرھویں صدی کا مجدد کہنے میں اُصول کو توڑ کر شہرت کا پاس ولحاظ کیوں نہ کیا گیا۔

نوٹ ضروری: مفتیءاعظم اگرچہ ولی ہونے کی حیثیت سے پیدا ہوتے ہی مشہور و متعارف ہو چکے تھے مگر مجدد کی حیثیت سے تو پندرھویں صدی میں مشہور و متعارف ہوئے۔

۲)۔آپ نے اعلیٰ حضرت کو عمداً و تسامحاً چودھویں صدی کا مجدد کہا۔حضور قبلہ محترم! آپ ہی نے بتایا ہے انجانی بھول کو تسامح کہا جاتا ہے،اور سوچی سمجھی Scheme کا نام عمد ہے۔اور دونو میں تباٗن کی نسبت بلفظ دیگر دونو ایک دوسرے کا Against ہیں۔اگر کھُل کر کہا جائے تو یوں کہا جائے گا حضور آپ کا ایک ہی قول بھول بھی ہو اور بدمعاشی بھی ہو یہ محال ہے محال ہے۔حضور آپ نے بھول اور بدمعاشی کو یکجا فرماکر Impossible کو Possible کیسے بنا دیا۔میں سمجھ نہ سکا زرا سا سمجھا دیں تو بڑی مہربانی ہوگی سبھی سُنی اساتذہ اور مصباحی برادران کو سلام

ہم پرورشِ لوح و قلم کرتے رہیں گے　　دل پہ جو گزرتی ہے رقم کرتے رہیں گے

(محمد عرفان مصباحی، گڑھوا جھارکھنڈ)

سُنّی علماء کی خاموشی فتاویٰ رضویہ کی روشنی میں

خالص اہل سنت کی ایک قوت اجتماعی کی ضرورت ہے۔مگر علماء کی یہ حالت ہے کہ رئیسوں سے بڑھ کر آرام طلب ہیں،حمایتِ مذہب کے نام سے گھبراتے ہیں۔جو بندۂ خدا اپنی جان اس پر وقف کرے اُسے احمق بلکہ مفسد سمجھتے ہیں۔مداہنت ان کے دلوں میں پیری ہوئی ہے۔ایاّمِ ندوہ میں ہندوستان بھر کا تجربہ ہوا۔عباراتِ ندوہ سُن کر ضلالت ضلالت کی رٹ لگادیں،اور جب کہیے حضرت لکھ دیجئے۔بھائی لکھواؤ نہیں۔ہمارے فلاں دوست بُرا مانیں گے۔ہمارے فلاں استاد کو بُرا لگے گا۔بہت کو یہ خیال کہ مفت او کھلی میں سر دے کر موسل کون کھائے۔بدمذہب دشمن ہو جائیں گے۔دانتوں پر رکھ لیں گے،گالیاں،پھبتیاں اخباروں اشتہاروں میں

چھاپیں گے۔ طرح طرح کے بہتان، افتراء اچھالیں گے۔ اچھی بچھی جان کو کون جنجال میں ڈالے بعض کو یہ کد کہ حمایتِ مذہب کی تو **صلح کُلی** نہ رہے گی۔

(لہٰذا اعلامہ اولادِ رسول قدسی نیویارک، علماء پیلی بھیت اور مصنف آئینۂ صلح کلیت پر صُلح کُلی کی اصطلاح ایجاد کرنے کا الزام حرفِ غلط کے سوا کچھ بھی نہیں)۔

اتفاق علماء کا یہ حال کہ حسد کا بازار گرم، ایک کا نام جھوٹوں بھی مشہور ہوا تو بہتیرے سچے اس کے مخالف ہو گئے۔ اس کی توہین تشنیع میں گمراہوں کے ہم زبان بنے، کہ "ہیں" لوگ اسے پوچھتے ہیں اور ہمیں نہیں پوچھتے۔ اب فرمائیں کہ وہ قوم کہ اپنے میں کسی ذی فضل کو نہ دیکھ سکے، اپنے ناقصوں کو کامل، قاصروں کو ذی فضل بنانے کی کیا کوشش کرے گی۔ حاشا یہ کلیہ نہیں مگر للاکثر حکم الکل۔ فقیر میں لاکھوں عیب ہیں مگر بحمدہ تعالیٰ میرے رب نے مجھے حسد سے بالکل پاک رکھا ہے۔

مولانا! روپیہ ہونے کی صورت میں اپنی قوت پھیلانے کے علاوہ گمراہوں کی طاقتیں توڑنا بھی انشاء اللہ العزیز آسان ہو گا۔ مولانا میں دیکھ رہا ہوں کہ گمراہوں کے بہت صرف تنخواہوں کی لالچ سے زہر اگلتے پھرتے ہیں۔ ان میں جسے دس کے بجائے بارہ دیئے، اب آپ کی سی کہے گا۔ دیکھئے حدیث کا ارشاد کیسا صادق ہے کہ "آخر زمانہ میں دین کا کام بھی درم و دینار سے چلے گا"۔ اور کیوں نہ صادق ہو کہ صادق و مصدوق ﷺ کا کلام ہے۔ عالم ما کان و ما یکون ﷺ کی خبر ہے۔

فتاویٰ رضویہ جلد 12

اہل علم حضرات غور فرمائیں::: اعلیٰ حضرت نے تحریر فرمایا مولانا میں دیکھ رہا

ہوں کہ گمراہوں کے بہت (اِس کے بعد جگہ خالی چھوڑ دی)۔

دِل مومن کہتا ہے اعلیٰ حضرت پندرھویں صدی کے تمام فتنے چاہے لاہوری فتنہ ہو یا کراچی کا فتین یا موجودہ اشرفیہ کا اعتزالی فتنہ اور سب سے عظیم فتنہ فتاویٰ رضویہ میں Changes کا فتنہ فقہ حنفی کو مٹانے کا فتنہ تمام فتنوں کو اعلیٰ حضرت تجدیدی نگاہ سے ملاحظہ فرمارہے تھے مگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے فرمان حفظت من رسول اللہ ﷺ وعائین اما الاول فلبثت فیکم و اما الآخر فلو بثثت لقطع ھذا البلعوم قال ابو عبداللہ الحلقوم (اخرجه البخاری) سے حیا کے سبب کلک رضا رک گیا.....لہذا اعلیٰ حضرت کے کلام کے مفہوم بلکہ متروک سے بھی ثابت ہوا کہ اعلیٰ حضرت ہی مجدد دوراں صدی ہیں نہ کہ پادری۔

فالحمد للہ رب العالمین۔ ع.....شاید کہ رفتہ رفتہ لگے دلربا کے ہاتھ

واللہ اعلم بالصواب........!

بڑا بے ادب ہوں سزا چاہتا ہوں

حضرات گرامی! اگر یہ لوگ صاف دل سے مفتیٔ اعظم کے مجدد ہونے کا انکار کرتے تو ہمیں نہ کوئی آپتی ہوتی نہ اُلجھن بلکہ فاضل بریلوی کو مجدد ماننا بھی فرائض اعتقادیہ میں شامل نہیں جی ہاں غوث وخواجہ رضی اللہ عنہما کی ولایتیں تسلیم کرنا بھی ایمانیات میں داخل نہیں۔

نوٹ کرنے والے نوٹ کریں پھر ووٹ یا Walkout۔ گوش ہوش سے سُن لیں۔

باز اشہب کی غلامی سے آنکھیں پھرنی دیکھ اُڑ جائیگا ایمان کا طوطا تیرا۔

یہ حکم صریح نہیں صرف ایک چیتاونی ہے اور چیتاونی کو Easy لینے والے کا انجام دنیا بلکہ خود بھی دیکھ رہے ہیں کہ مفتی اور جانے کیا کیا کہلانے والا پکا معتزلی بھیانک فلسفی بن گیا۔ ع.....دنیا تو ملی طائر دیں کر گیا پرواز

ہم صاف کہنا چاہتے ہیں قلم کا تیور رضا وابن رضا سے عقیدت کی بنیاد پر نہیں بلکہ فتاویٰ رضویہ کا مِس یوز کر کے قوم کو مِس گائیڈ کیا جارہا ہے۔ اپنی کُھلی دھاندلیوں کو Source و Force کے بلبوتے پر چُھپایا جارہا ہے فقہ حنفی کا دِن دہاڑے قتل کیا جارہا ہے اجماع امت کی شبیہ بگاڑی جارہی ہے۔ بلکہ اجماع کے وجود ہی کا انکار کیا جارہا ہے۔ سُنی شاگردوں کے دل میں مسلک بیزارگی کا بیج بویا جارہا ہے۔

اعلیٰ حضرت اور شہزادۂ اعلیٰ حضرت سے بدلا لینے کے لئے گمراہ جاہل کو عالم علامہ مجدد مولانا بنانے کا پلان تیار ہو چکا ہے۔ حنفی سُنیوں کی نماز روزہ کو فلسفی واعتزالی مسلک کی آڑ میں جلا کر خاک کرنے کی ناپاک سازش کی جارہی ہے۔

50000 ر پچاس ہزار میں ٹی وی کو جائز بتا کر شریعت مطہرہ کے بالمقابل نئی شرع کی داغ بیل ڈالی جاچکی ہے

جھوٹی شرافتوں کا سوانگ رچا کر سنیوں سے دنیاوی فیضان بٹورا جارہا ہے۔

اور یہ دھاندلیاں جسور و غیور سنیاں ہرگز نہ برداشت کرینگے۔

حشر ہی آنہ جائے کیوں......!

علاحدہ

کتاب الصلوٰۃ ۱۹۶

مسئلہ (۲۵۶):- از بشارت گنج مرسلہ فتح محمد صاحب ۱۲ ربیع الآخر ۱۳۳۶ھ
کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ آیا جہاز پر یا چلتی ریل گاڑی میں نماز کی بابت کیا حکم ہے اگر سنت و فرض ونفل ادا کئے جاویں تو ہوتے ہیں یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب:- چلتے جہاز خواہ لنگر کئے ہوئے ہو اور کنارے سے میلوں دور ہو اُس پر نماز جائز ہے اور ناؤ اگر کنارے پر ٹھہری ہے اور جہاز کی طرح زمین پر نہیں بلکہ پانی پر ہے اور یہ اُتر کر کنارے پر نماز پڑھ سکتا ہے تو ٹھہری ہوئی ناؤ میں بھی فرض اور وتر اور صبح کی سنتیں نہ ہو سکیں گے اور چلتی ہوئی میں بدرجۂ اولیٰ نہ ہونگے جیسے سیر دریا کے بجرے کنارے کنارے جاتے ہیں اور انہیں روک کر زمین پر نماز پڑھ سکتے ہیں اور اگر اُتر کر کنارے پر نماز نہ پڑھ سکتا اپنی ذاتی معذوری سے ہے تو ہر نماز ہو جائے گی اور اگر کسی کی ممانعت کے سبب ہے تو پڑھ لے اور پھر پھیرے یہی حکم ریل کا ہے ٹھہری ہوئی ریل میں سب نمازیں جائز ہیں اور چلتی ہوئی میں سنت صبح کے سوا سب سنت ونفل جائز ہیں مگر فرض و وتر یا صبح کی سنتیں نہیں ہو سکتیں اہتمام کرے کہ ٹھہری میں پڑھے اگر نہ ٹھہرے اور دیکھے کہ وقت جاتا ہے پڑھ لے اور جب ٹھہرے پھر پھیر لے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

Masla.256: Az basharat ganj mursilah Fateh Mohammad Sahab 12 Rabbiul Akhir 1336 A.H.....Kiya farmate hain ulmae deen o muftiyane shara mateen is masle me ke aaya jahaz par ya

chalti Rail gadi me namaz ki babat kiya hukm hain agar sunnat o farz o nawafil ada kiye jawe to hote hain ya nahi. Benawa Tujarwa.ALJAWAB: Khwah Langar kiye hue ho aur kinaare se meelo door ho us par namaz jayez hain. Aur naw agar kinaare par thehri hian aur jahaz ki tarah zameen par nahi balke paani par hain aur ye uter kar kinaare par parh sakta hain to thehri hui naao me bhi farz o witar aur subah ki sunnate na ho sakhegi aur chalti hui me badarja e ula na honge jaise sair darya ke kinaare kinaare jate hian aur inhe rok kar namaz parh sakte hain awr ager uter kar kinaare par namaz parh sakna apni zaati maazuri se hian to har namaz ho jayegi aur agar kisi ki mumaniyat ke sabab hain to parh le aur phir pher le yahi hukm rail ka hian thehri hui rail me sab namaze jayez hain chalti hui me sunnate subah ke siwa

sab sunnat o nafil jayez hian magar farz o witer subah ki sunnate nahi ho sakti ehtemam kare thehri me parhe agar na thehre aur dekhe ke waqt jata hain parh le aur jab thehre phir pher le.

WALLAH TALLA AALAM.

اختتام:

۱)۔ اولادِ غوث اعظم حضرت مولانا الحاج الشاہ سید محمد اشرف صاحب قبلہ دام ظلہ، خطیب و امام باولہ مسجد، بمبئی (قدیم محسن)

۲)۔ حضرت الاقدس الحاج سید جمیل رضوی صاحب قبلہ (ممبر وقف بورڈ مہاراشٹرا۔) زید مجدہ۔

سید اشرف صاحب چشتی! مولانا جن حضرات کو آپ نے گمراہ رمعتزلی ثابت کیا ہے۔ باغی ءاعلی حضرت ثابت کررہے ہو وہ خود بھی تو مفتی اعظم کے مرید ہیں؟

سید جمیل رضوی صاحب! یار مفتی صاحب ..یہ چکر کیا ہے مولانا نظام چلتی ٹرین نمبر ۲۴ میں لکھتے ہیں بہ حالت سفر دو نمازوں کو اکٹھا کرنا مطلب

Adjustment جائز ہے۔آپ نے لکھا ہے ایامِ حج میں مزدلفہ اور عرفات کے سِوا دو نمازوں کا جمع کرنا ناجائز ہے۔حقیقت کیا ہے؟

مصطفوی! دونوں ساداتِ کرام سے ماضی میں دو بلکہ تین جُرم ہو چُکے ہیں جس کا بدلا لینے کے لئے مبارکپوری حضرات بے چین تھے دیکھئے ناصاف لکھا ہے وقت کا انتظار کیجئے حساب وکتاب ہوگا اور اچھی طرح ہوگا صرف حال ہی کا نہیں ماضی کا بھی قرض چُکایا جائیگا (عرفانِ مسلک)۔

ماضی کا پہلا جُرم: اعلی حضرت نے حکم شرع بیان فرمایا کہ جولاہا حضرات سید کا کفو نہیں (فتاویٰ رضویہ) اسی لئے اُن لوگو نے فتاویٰ رضویہ کی واٹ لگانے کی ٹھان لی۔دوسرا جُرم: مفتی اعظم سرکار نے کسی کو عادت مخصوصہ کے تحت مرکز سے نکالا تھا

پردہ اُٹھا دوں اگر چہرہ افکار سے لا نہ سکے گا فرنگ میری نواؤں کی تاب

اسی لئے اُن حضرات نے مرکز کو توڑ کر رکھنے کی پلاننگ رچی اور سیٹھ جی سے ہاتھ ملا لیا۔تیسرا جُرم: حضور حافظ ملت نے اجماع امت کے منکر کو اشرفیہ سے نکالا تھا۔ولہذا موجودہ اشرفیہ والے اِن جُرموں کے سزا دینا چاہتے ہیں اور دے رہے ہیں۔

مصطفوی! میرے عزیز کا پیارا چمن کیا برباد الٰہی نکلے یہ ندوی بلا مدرسہ سے۔

جنرلی سوال:: یہ Third Party پورنیہ کہاں سے ٹپک پڑا۔

مصطفوی! پورنیہ کا معاملہ Safe Side ہے۔ یعنی پیسہ پھینک تماشا دیکھ ۔کیونکہ وہ بس مطیع اعظم چھم چھم ہیں۔ حضرات! پہلی صدی کے لاسٹ میں حسین اعظم کو شہید کرنے کے لئے یزید نے حضرت سعد کے بیٹے کو ملک رئے کے بدلے میں خریدا تھا۔ اب پندرھویں صدی کی ابتدا میں امام اعظم کے مشن کے قتل کرنے کے لئے کراچی کے سیٹھ جی نے جناب مطیع کو صرف پچاس ہزار میں مطیع فرما بنالیا۔

Proof: مفتی ناظر اشرف صاحب قبلہ مُطیع صاحب سے مولانا آپ مسلک اعلیٰ حضرت کے خلاف کیوں چل رہے ہو۔ مُطیع صاحب! مولانا محنت ہم کریں اور وہ لوگ (تاج الشریعہ وغیرہ) پلینوں میں اُڑھتے پھریں۔ ہم بھی پلینوں میں اُڑ کر اپنی دنیا بنانا چاہتے ہیں۔ سچ ہے...

یہی شیخ پورنیہ جو چُرا کر بیچ کھاتا ہے! گلیم بوزر دلق اویس و چادر زہرا!!

دونو سادات کرام مصطفوی سے مولانا! فتنہ ء رواں صدی طاہر پادری کے بارے میں کچھ کہیے گا؟

مصطفوی! اِس مرتد اعظم کے Open ہونے سے پچیس سال پہلے ہی حضور شیخ الاسلام علامہ سید محمد مدنی میاں صاحب قبلہ دام ظلہ نے ارشاد فرمایا تھا

(جب پادری امام احمد رضا کا نام لیتے نہ تھکتا تھا) ''یہ شخص فرقہ طاہریہ کا بانی نظر آتا ہے''

مصطفوی کھُل کر کہتا ہے آج کچھ عقل مند نبیء محترم ﷺ کے نوکر امام احمد رضا کو مٹانے کے لئے باغیء اسلام طاہر الپادری کو اپنے کاندھوں پر اُٹھائے پھر رہے ہیں۔ خُدا اضِد کی بلا سے بچائے۔

دیکھیئے نا ہمیں کوئی کلمہ پڑھانے کی کوشش نہ کرے ہمارے باپ دادا نے تم کو کلمہ پڑھایا ہے۔ (ایک قول)

مصطفوی! مہربان! آپ کے باپ دادا علیہ وعلیہم السلام نے بالضرور ہمیں کلمہ پڑھایا ہے۔

مگر دل کھول کر سُن لیں کلمہ بچانے کے لئے آپ ہی کے باپ دادا نے بریلی کے پٹھان کو صبح قیامت تک کے لئے چُن لیا ہے۔ اور مصطفیٰ ﷺ کی چوائس کو چیلنج کرنا باوفا نواسوں کو زیب نہیں دیتا۔

ہاں! عقل نہ ہو تو بندہ مجبور ہے اور انصاف نہ ملے تو انکھیارا بھی کور ہے!!

(فتاویٰ رضویہ شریف)